## سوال

(40) مرض بول وریاح میں نماز کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کسی شخص کو سلسل البول یا ریاح کا مرض ہو، برابر پیشاب کا تقاطر رہتا ہو یا ہر وقت ریاح خارج ہوتی رہتی ہو۔ ایسی صورت میں وضو کا قائم رہنا مشکل ہے لہٰذا ایسا شخص کس طرح نماز ادا کرے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے شخص کے متعلق فقہاء نے لکھا ہے کہ ہر نماز کے وقت تازہ وضو کرے اور اس وقت کی نماز فرض وسنتیں اس وضو سے ادا کرے دوسرے وقت کی نماز اس وضو سے نہیں پڑھ سکتا۔ ہدایہ جلد اوّل (الجواب صحیح : علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان، اہل حدیث گزٹ جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۴)

## فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 45